8885 ـ کافرسے انجیل کا نسخہ لینا تاکہ وہ قرآن مجید لینا قبول کرلے

سوال

ایک مسلم شخص کا کہنا ہے کہ میں نے ایک کافرکو قرآن مجیدکا نسخہ دیا تو وہ کہنے لگا کہ میں یہ قرآن اس وقت تک نہیں لوں‌گاجب تک کہ تم مجھ سے عربی انجیل کا نسخہ نہ لے لو اور میں قرآن مجید کواس وقت تک نہیں پڑھوں گا جب تک کہ تم انجیل نہ پڑھو تو کیا وہ ایسا کام کرے یا نہ کرے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

الحمدللہ

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

وہ یہ کام نہ کرے کیونکہ ہو سکتا ہے مسلمان پراس کا اثرہو جائے اور اس خبیث پر کچھ بھی اثر نہ ہو ، اس کی دلیل یہ ہے کہ وہ اس پر مصر ہے کہ مسلمان انجیل کا نسخہ ضرور لے ، تو مسلمان کو اس پر موافقت نہیں کرنی چاہیے اگر تو وہ ھدایت یافتہ بن جاتا ہے تو اس میں اس کا اپنا فائدہ ہے اور اگروہ کافرگمراہ ہی رہتا ہے تو اس کا نقصان بھی اسے ہی ہے ۔

سوال ؟

کیاوہ ظاہری طورپر موافقت اختیار کرسکتا ہے اور باطنی طورپر وہ اسے پڑھے ہی نہ ؟

جواب :

وہ اس کی بھی موافقت نہ کرے بلکہ کسی چیز کی بھی اس لیے کہ وہ اس پر فخر کرے گا ۔ واللہ تعالی اعلم ۔ .